18/01/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینعمر مختار

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اداروں کو مستحکم کرنے، شخصیات میں مثبت بدلاؤ لانے نیزسماج اور قوم کے تئیں ذمہ داری کے احساس کو تقویت بخشنے میں فن اور ثقافت کا کلیدی رول اجا گر کیا ہے۔

جموں میں منعقدہ انٹر نیشنل پینٹنگ ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے IIM انہوں نے کہاکہ مصنوعی ذہانت اور مشینوں کے آج کل کے دور میں نئے مواقعوں کو حقیقت میں بدلنے کیلئے تخلیقی سوچ کا ہونا بہت ضروری ہے ۔

پروگرام کے تحت 120 کشمیری نوجوانوں Exchange اسی دورانلیفٹننٹ گورنرنے کشمیر یوتھ کے پہلے گروپ کو جھنڈی دکھا کر "وطن کو جانو " ٹور کیلئے روانہ کیا ہے۔پروگرام کے اس چھٹے مرحلے میں مجموعی طور پر دو ہزار نوجوان ملک کے پندرہ بڑے شہروں کا دورہ کریں گے، تاکہ وہ ملک کی ثقافتی، تاریخی اور صنعتی وراثت سے واقف ہو سکیں۔

حج

اقلیتی امور کی مرکزی وزارت نے اس سال کے حج لوازمات پورا کرنے کی تاریخ 25 جنوری تک بڑھا دی ہے ۔ وزارت نے حج عازمین سے کہا ہے کہ وہ اس تاریخ تک حج بُکنگ اور دیگر لوازمات پورا کریں ۔

اسی دوران وادی کے مختلف اضلاع میں عازمین کرام کےلئے مناسک حج سے متعلق تربیتی پروگراموں کا سلسلہ بھی جا ری ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر سماج کو رشوت خوری کی بدعت سے پاک کرنے نیز راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے تمام اقدامات کر رہا ہے ۔تاہم بیورو نے اس ناسور کا قلع قمع کرنے کیلئے عوام کا بھر پور تعاون طلب کیا ہے ۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے کہا-ACB کی نوٹس میں لائیں-اس ضمن میں ACB نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ رشوت طلب کئے جانے کے کسی بھی معاملے کوبیورو

....

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے7ایسے افراد کے خلاف ایک معاملہ درج کیا ہے جو مبینہ طور پر سادہ لوح لوگوں بالخصوص بے روزگار نوجوانوں کو سرکاری نوکریوں کا جھانسہ دےکر پیسہ بٹورنے کے جرم میں ملوث پائے گئے ہیں-

کرائم برانچ کشمیر کی طرف سے جا ری ایک پریس ریلیز کے مطابق ان افراد نے کئی نوجوانوں سے39لاکھ روپے کی رقم جمع کی ہے، جس کے لئے انہوننے جعلی دستاویزات اور دوسرے لوگوں کے نام پر چلنے والے سم کارڈس کا استعمال کیا ہے-

اس بارے میں مزید چھان بین جا ری ہے-

NTA

کے پہلے سیشن کے امتحان کےلئے ایڈمٹ کارڈ JEE (Main)قومی ٹیسٹنگ ایجنسی نے2026کے جاری کئے ہیں-

کے B-Techیا BEجو امید وار اس مہینے کی21سے24تاریخ کے درمیان ہونے والے پرچہ

سے www.jeemain.nta.nic.in //کی ویب سائٹNTAاول میں شامل ہونے والے ہیں ، وہ نۓ اپنے ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں-

سیاحت

محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کوجموں کشمیرکی طرف راغب کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے اوران کاوشوں کی بدولت یہاں آنے والے سیاحوں کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے اور وہ یہاں کے سرد موسمی صورتحال نیز یہانکی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں-

کئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا-

....

نمائش

وشو کرما ہاٹ2026 آج قومی راجدھانی دلی میں شروع ہو رہی ہے۔ یہ نمائش PM وشو کرما سکیم کے تحت دستکاروں کےلئے وقف کی گئی ہے، جس کا مقصد PMبالخصوص روایتی دستکاری کی ملک کی مالا وراثت کو نمایاں کرنا اور اس کا جشن منانا ہے۔

ملک بھر سے117سے زیادہ دستکار اس تقریب میں شرکت کر رہے ہیں، جس کے تحت مستفیدین کےلئے بازار رسائی کو بہتر بنانا اور روزگار کے پائیدار مواقعے پیدا کرنا ہے۔ یہ نمائش 31جنوری تک جا ری رہے گی۔

Indigo

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے اِنڈگو ائر لانز پر پچھلے ماہ بڑے پیمانے پر پروازوں میں تاخیر اور منسوخی کی پاداش میں22کروڑ20لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔

واضح رہے کہ3اور 5دسمبر کو2ہزار5سو7 پروازیں منسوخ جبکہ1ہزار 8 سو52پروازیں تاخیر کا شکار ہوئی تھیں، جس کے نتیجے میں لاکھوں مسافر ونکو دقتوں کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

Winter

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....